27/01/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ڈائرکٹر اطلاعات جناب ششیر نے یوم جمہوریہ کے موقع پر ڈائریکٹریٹ اطلاعات کے آڈیٹوریم میں پرچم کشائی کی

ڈائرکٹر اطلاعات جناب ششیر نے یوم جمہوریہ کے موقع پر سبھی کو اپنی نیک خواہشات پیش کیں

کووڈ پروٹوکول پر سبھی لوگ ضرور عمل کریں۔ڈائریکٹر اطلاعات جناب ششیر

لکھنؤ27جنوری2022

یوم جمہوریہ 26 جنوری کے قومی تہوار کے موقع پر ڈائریکٹر اطلاعات جناب ششیر نے پنڈت دین دیال ڈائری ڈائریکٹریٹ اطلاعات کے آڈیٹوریم میں پرچم کشائی کی۔ پرچم کی سلامی کے ساتھ قومی ترانہ بھی پیش کیا گیا۔اس موقع پر ہندوستانی آئین کی قراردادوں کا اعادہ کیا گیا۔

ڈائرکٹر اطلاعات جناب ششیر نے ہندوستانی آئین کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے ہندوستانی آئین کی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے ملک کو آزادی دلانے والے بے مثال شہیدوں کی قربانیوں کو یاد کیا۔سب کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہوں نے ملک کو آزادی دلانے والے بے مثال شہیدوں کو سلام کیا۔

جناب ششیر نے ہر ایک سے جمہوریت کے استحکام کے لیے ووٹ دینے اور لوگوں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دینے کی ترغیب دینے کی اپیل کی۔انہوں نے سبھی سے کووڈ پروٹوکول پر عمل کرنے کی بھی اپیل کی۔انہوں نے اسکاؤٹ گائیڈ کے بچوں کے ذریعہ ووٹ ڈے اور کووڈ کے دوران تعاون کی تعریف کی۔اس موقع پر ڈائریکٹریٹ اطلاعات کے آڈیٹوریم میں بر بڈانس گروپ کے کوریوگرافر جناب بکی راج کی قیادت میں ان کے گروپ کے بچوں کی طرف سے حب الوطنی پر مبنی پروگرام پیش کیا گیا۔

اس موقع پر ایڈیشنل ڈائرکٹر اطلاعات جناب انشومن رام ترپاٹھی، سابق جوائنٹ ڈائرکٹر جناب ہیمنت سنگھ، سینئر فائنانس اینڈ اکاؤنٹس افسر جناب رجنی کانت ورما، ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات جناب ہری شنکر ترپاٹھی، جناب سرویش کمار دوبے، جناب راجندر یادو، جناب دنیش کمار سہگل، جناب او پی رائے، اسسٹنٹ ڈائرکٹر اطلاعات تگ جناب رشی کمار سکسینا کے ساتھ دیگر محکمہ جاتی افسران اور ملازمین اور اسکاؤٹ گائیڈ کے جناب راجندر سنگھ ہنس پال اور محترمہ کامنی شریواستو وغیرہ موجود تھے۔

☆☆☆☆☆